〃	〃	۲۱	وَالَّذِیْنَ یُمَسِّکُوْنَ بِالْکِتٰبِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوۃَ ؕ اِنَّا لَا نُضِیْعُ اَجْرَ الْمُصْلِحِیْنَ ۝ جو لوگ پکڑ رہتے ہین کتاب اور قائم رکھتے ہین نماز ہم ضائع نہ کرینگے ثواب نیکی والون کا۔
〃	〃	〃	خُذُوْا مَآ اٰتَیْنٰکُمْ بِقُوَّۃٍ وَّاذْکُرُوْا مَا فِیْہِ لَعَلَّکُمْ تَتَّقُوْنَ ۝ پکڑو جو ہمنے دیا ہے زور سے اور یاد کرتے رہو جو اسمین ہے توکہ تم بچو۔
〃	〃	۲۲	وَکَذٰلِکَ نُفَصِّلُ الْاٰیٰتِ وَلَعَلَّہُمْ یَرْجِعُوْنَ ۝ اور اسیطرح مفصل بیان کرتے ہین ہم نشانیان اور توکہ وہ پھر آوین۔
〃	〃	〃	وَاتْلُ عَلَیْہِمْ نَبَاَ الَّذِیْٓ اٰتَیْنٰہُ اٰیٰتِنَا فَانْسَلَخَ مِنْہَا دو آیت تا یتفکرون۔ بیان حال کسیکہ بہ ہوائے نفس از آیات کلام ربانی برگردد اور سنا انکو احوال اس شخص کا کہ ہمنے اسکو دی تہین اپنی نشانیان پہر انکو چھوڑ نکلا۔
〃	〃	〃	سَآءَ مَثَلًا ۨالْقَوْمُ الَّذِیْنَ کَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَا وَاَنْفُسَہُمْ کَانُوْا یَظْلِمُوْنَ ۝ بری کہاوت ان لوگون کی کہ جھٹلائین ہماری آیتین اور اپنا ہی نقصان کرتے رہے۔

پارہ	سورۃ	رکوع	
۹	الاعراف	۲۲	وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ ۔ اور جنہون نے جھٹلائین ہماری آیتین انکو ہم سہج سہج پکڑین گے جہان سے وہ نہ جانین گے۔
〃	الانفال	۴	وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا قَالُوْا قَدْ سَمِعْنَا لَوْ نَشَآءُ لَقُلْنَا مِثْلَ هٰذَآ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۔ (لیکن قرآن کی مانند کوئی نہ کہہ سکا) اور جب کوئی پڑھے انپر ہماری آیتین کہین ہم سن چکے ہین چاہین تو کہہ لین ایسا یہ کچھ نہین مگر احوال ہین پہلون کے۔
۱۱	یونس	۴	وَمَا كَانَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ اَنْ يُّفْتَرٰى مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۔ اور وہ نہین ہے یہ قرآن کہ کوئی بنائے اللہ کے سوا اور لیکن سچا کرتا ہے اگلی کلام کو اور بیان کتاب کا جسمین شبہ نہین جہان کے صاحب سے۔
〃	〃	〃	اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّثْلِهٖ وَادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۔ کیا لوگ کہتے ہین یہ بنا لایا تو کہہ تم لے آؤ ایک سورۃ ایسی اور پکارو جسکو پکار سکو اللہ کے سوا اگر تم سچے ہو۔
〃	〃	〃	بَلْ كَذَّبُوْا بِمَا لَمْ يُحِيْطُوْا بِعِلْمِهٖ وَلَمَّا يَاْتِهِمْ تَاْوِيْلُهٗ ؕ كَذٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الظّٰلِمِيْنَ ۔ بلکہ جھٹلایا جسکو نہین گھیرا علم اسکے کو اور ابھی آئی نہین اسکی حقیقت یون ہی جھٹلاتے رہے ان سے اگلے سو دیکھہ لے کیسا ہوا آخر گنہگارون کا۔
〃	〃	۶	يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۔ اے لوگو تم کو آئی ہے نصیحت تمہارے رب سے اور چنگے کرنیکو سینون کے روگ اور راہ سوجھاتی اور رحمت واسطے مسلمانون کے۔
〃	〃	〃	قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ۔ کہہ اللہ کے فضل سے اور اسکی مہر سے سو اسی پر چاہیے خوشی کرین یہ بہتر ہے ان چیزون سے جو جمع کرتے ہین
۱۱	هود	۱	كِتٰبٌ اُحْكِمَتْ اٰيٰتُهٗ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ خَبِيْرٍ ۔ کتاب ہے کہ جانچ لی ہین آیتین اسکی پھر کھولی گئی ہین ایک حکمت والے خبردار کے پاس سے
۱۲	〃	۲	اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ فَاْتُوْا بِعَشْرِ سُوَرٍ مِّثْلِهٖ مُفْتَرَيٰتٍ وَّادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۔ کیا کہتے ہین باندھ لیا ہے اسکو تو کہہ تم لے آؤ ایک دس سورتین ایسی باندھ کر اور پکارو جسکو پکار سکو اللہ کے سوا اگر ہو تم سچے۔

پارہ	سورت	رکوع	
۱۲	ہود	۲	فَاِنْ لَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اُنْزِلَ بِعِلْمِ اللّٰهِ وَاَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ○ پھر اگر نہ ادا کرین تمہارا کہنا تو جان لو کہ اُترا ہے اللہ کی خبر سے اور کوئی حاکم نہین سوا اسکے پھر اب تم حکم مانتے ہو۔
〃	〃	۱۰	وَجَآءَكَ فِيْ هٰذِهِ الْحَقُّ وَمَوْعِظَةٌ وَّذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ○ اور آئی تجھکو اس سورت مین تحقیق بات اور نصیحت اور سمجھوتی ایمان والون کو۔
〃	یوسف	۱	تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ○ یہ آیتین ہین کھلی کتاب کی۔ — ملخصہ لیوہیم
〃	〃	〃	اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ○ تحقیق ہمنے اسکو اتارا ہے قرآن عربی زبان کا
۱۳	〃	۱۲	مَا كَانَ حَدِيْثًا يُّفْتَرٰى وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ○ کچھ بات بنائی ہوئی نہین لاکن موافق اس کلام کے جو اس سے پہلے ہے اور تفصیل ہر چیز کی اور ہدایت اور رحمت واسطے ان لوگون کے جو ایمان لاتے ہین۔
〃	الرعد	۱	تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ وَالَّذِيْٓ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ○ یہ آتین ہین کتاب کی اور جو کچھ اترا تجھکو تیرے رب سے سو تحقیق ہے لیکن بہت لوگ نہین مانتے۔
〃	〃	〃	يُدَبِّرُ الْاَمْرَ يُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ بِلِقَآءِ رَبِّكُمْ تُوْقِنُوْنَ ○ تدبیر کرتا ہے کام کی کھولتا ہے نشانیان تو کہ تم اپنے رب سے ملنا یقین کرو۔
〃	〃	۳	اَفَمَنْ يَّعْلَمُ اَنَّمَآ اُنْزِلَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ كَمَنْ هُوَ اَعْمٰى اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ ○ بھلا جو شخص جانتا ہے کہ جو کچھ اترا تجھکو تیرے رب سے سچ ہے برابر اسکے جو اندھا ہے وہی سمجھتے ہین جنکو عقل ہے
〃	〃	۵	وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ حُكْمًا عَرَبِيًّا ○ اور اسیطرح اتارا ہمنے یہ کلام عربی زبان مین۔
〃	ابراہیم	۱	كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ بِاِذْنِ رَبِّهِمْ اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ○ یہ کتاب ہے کہ ہمنے اتاری تیری طرف کہ تو نکالے لوگون کو اندھیرون سے اجالے کیطرف انکے رب کے حکم سے راہ پر اس زبردست کے جو سب خوبیون سراہا ہے۔
۱۴	الحجر	۱	تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ وَقُرْاٰنٍ مُّبِيْنٍ ○ یہ آتین ہین کتاب کی اور کھلے قرآن کی
〃	〃	〃	اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ○ بے شک ہمنے آپ اتاری ہی یہ نصیحت اور ہم آپ اسکے نگہبان ہین
〃	〃	۶	وَلَقَدْ اٰتَيْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ ○ لَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا مَتَّعْنَا بِهٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ (الآیۃ) اور البتہ تحقیق ہمنے دی ہین تجھکو سات آیتین کہ دہرائی جاتی ہین اور قرآن بڑے درجے کا مت پسار اپنی آنکھین ان چیزون پر جو برتنے کو دین ہمنے

پارہ	سورۃ	رکوع	
			انکوبھی طرح کے لوگون کو
۱۴	النحل	۳	وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ مَّاذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ قَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ۝ (تا چند آیات بیان تباہی حال قرآن کی سبکی کرنیوالون کا اور لوگون کو قرآن سے بے رغبت کرنیوالون کا) اور جب کہا جاتا ہے انکو کیا اتارا ہے تمہارے ربنے کہتے ہین نقلین ہین پہلون کی ۔
″	″	۶	وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ۝ اور تجھکو اتاری ہم نے یادداشت کہ تو کھولدے لوگون پاس جو اترا انکی طرف تو کہ وہ فکر کرین ۔
″	″	۸	وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ اِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِي اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝ اور ہمنے اتاری تجھپر کتاب بصرف اسیواسطے کہ کھول سناوے تو انکو جسمین اختلاف کر رہے ہین اور ہدایت اور رحمت واسطے ان لوگون کے جو ایمان رکھتے ہین ۔
″	″	۱۲	وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ۝ اور اتاری ہمنے تجھپر کتاب بیان کرنیوالی ہر چیز کی اور ہدایت اور رحمت اور خوشخبری حکم بردارونکو
″	″	۱۳	فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۝ سوجب تو پڑہنے لگے قرآن تو پناہ لے اللہ کی شیطان مردود سے ۔
″	″	۱۴	وَاِذَا بَدَّلْنَآ اٰيَةً مَّكَانَ اٰيَةٍ ۙ وَّاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُنَزِّلُ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مُفْتَرٍ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ اور جب ہم بدلتے ہین ایک آیت کی جگہہ دوسری اور اللہ بہتر جانتا ہے جو اتارتا ہے تو کہتے ہین تو تو بنالاتا ہے یون نہین پر بہتون کو خبر نہین ۔
″	″	″	قُلْ نَزَّلَهٗ رُوْحُ الْقُدُسِ مِنْ رَّبِّكَ بِالْحَقِّ لِيُثَبِّتَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ۝ تو کہہ اسکو اتارا ہے پاک فرشتے نے تیرے رب کیطرف سے تحقیق تو کہ ثابت کرے ایمان والون کو اور ہدایت اور خوشخبری واسطے مسلمانون کے ۔
″	″	″	وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ اِنَّمَا يُعَلِّمُهٗ بَشَرٌ ۭ لِسَانُ الَّذِيْ يُلْحِدُوْنَ اِلَيْهِ اَعْجَمِيٌّ وَّهٰذَا لِسَانٌ عَرَبِيٌّ مُّبِيْنٌ ۝ اور ہمکو معلوم ہے کہ وہ کہتے ہین اسکو تو سکھاتا ہے آدمی زبان اس شخص جو نسبت کرتے ہین طرف اسکی عجمی ہے اور یہ زبان عربی ہے صاف ۔
″	″	″	اِنَّمَا يَفْتَرِي الْكَذِبَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۚ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ۝ جھوٹ بناتے تو وہی ہین جنکو ایمان نہین ہماری آیتون پر اور وہی لوگ جھوٹے ہین ۔
۱۵	بنی اسرائیل	۱	اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَهْدِيْ لِلَّتِيْ هِيَ اَقْوَمُ وَيُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ

پارہ	سورۃ	رکوع	
			اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا كَبِيْرًا ۝ وَاَنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝ بیشک یہ قرآن بتاتا ہے وہ راہ جو سب سے سیدھی ہے اور خوشی سناتا ہے انکو جو یقین لائے اور عمل کرتے ہین نیک کہ انکو ہے ثواب بڑا اور یہ کہ جو نہین ایمان لاتے آخرت پر تیار کیا ہم نے واسطے انکے عذاب دردناک۔
۱۵	بنی اسرائیل	۵	وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِيَذَّكَّرُوْا ۝ وَمَا يَزِيْدُهُمْ اِلَّا نُفُوْرًا ۝ اور پھیر پھیر سمجھایا ہمنے اس قرآن مین تو کہ نصیحت پکڑین اور انکو تو زیادہ ہوتا ہے وہی بدکنا۔
"	"	"	وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ حِجَابًا مَّسْتُوْرًا ۝ وَّجَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْۤ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ۝ وَاِذَا ذَكَرْتَ رَبَّكَ فِي الْقُرْاٰنِ وَحْدَهٗ وَلَّوْا عَلٰۤى اَدْبَارِهِمْ نُفُوْرًا ۝ اور جب تو پڑھتا ہے قرآن کو دیتے ہین ہم بیچ مین تیرے اور ان لوگون کے جو نہین ایمان لاتے آخرت پر ایک پردہ ڈھانکا اور رکھتے ہین انکے دلون پر اوٹ کہ اسکو نہ سمجھین اور انکے کانون مین بوجھ اور جب مذکور کرتا ہے تو قرآن مین اپنے رب کو اکیلا کر بھاگتے ہین اپنی پیٹھ پر بدک کر۔
"	"	۹	اِنَّ قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا ۝ بیشک قرآن پڑھنا فجر کا ہوتا ہے حاضر کیا گیا۔
"	"	"	وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ۝ اور ہم اتارتے ہین قرآن مین سے جس سے روگ چنگے ہون اور رحمت واسطے ایمان والون کے اور گنہگارون کو تو نقصان ہی بڑھتا ہے۔
"	"	۱۰	قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰۤى اَنْ يَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا يَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيْرًا ۝ کہہ اگر جمع ہووین آدمی اور جن اس پر کہ لاوین ایسا قرآن نہ لاوینگے ایسا قرآن اور پڑے مدد کرین ایک کی ایک۔
"	"	"	وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ز فَاَبٰۤى اَكْثَرُ النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا ۝ اور ہمنے پھیر پھیر سمجھائی لوگون کو اس قرآن مین ہر مثال سو نہین رہتے بہت لوگ بن ناشکری کیے
"	"	۱۱	وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ط وَمَاۤ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝ اور سچ کے ساتھ اتارا ہمنے یہ قرآن اور سچ کے ساتھ اترا اور تجھکو جو بھیجا ہمنے سو خوشی اور ڈر سناتا۔
"	"	"	وَقُرْاٰنًا فَرَقْنٰهُ لِتَقْرَاَهٗ عَلَى النَّاسِ عَلٰى مُكْثٍ وَّنَزَّلْنٰهُ تَنْزِيْلًا ۝ اور قرآن جدا جدا کیا ہمنے اسکو کہ پڑھے تو اسکو لوگون پر ٹھیر ٹھیر کر اور اتارا ہمنے اسکو اتارنا آہستہ آہستہ۔

پارہ	سورۃ	رکوع	
۱۵	بنی اسرائیل	۱۲	قل اٰمنوا بهٖ او لا تؤمنوا ان الذين اوتوا العلم من قبلهٖ اذا يتلى عليهم يخرون للاذقان سجدا ۙ ويقولون سبحان ربنا ان كان وعد ربنا لمفعولا ۰ ويخرون للاذقان يبكون ويزيدهم خشوعا ۰ کہہ تم اسکو مانو یا نہ مانو جنکو علم ملا ہے اسکے آگے سے جب انکے پاس اسکو پڑہیے گرتے ہین ٹہوڑیون پر سجدہ مین اور کہتے ہین پاک ہے ہمارا رب بیشک ہمارے رب کا وعدہ البتہ ہوتا ہے اور گرتے ہین ٹہوڑیون پر روتے ہوئے اور زیادہ ہوتی ہے انکو عاجزی۔
〃	الکہف	۱	الحمد لله الذي انزل على عبده الكتٰب ولم يجعل له عوجا ۰ سراہیے اللہ کو جسنے اتاری اپنے بندہ پر کتاب اور نہ رکہی اس مین کچہہ کجی۔
〃	〃	〃	لينذر باسا شديدا من لدنه ويبشر المؤمنين الذين يعملون الصٰلحٰت ان لهم اجرا حسنا ۙ ماكثين فيه ابدا ۙ ٹہیک اتاری تا ڈر سناوے ایک سخت آفت کا اسکی طرف سے اور خوشخبری دے ایمان والون کو جو کرتے ہین نیکیان انکو اچھا ثواب ہے جسمین رہا کرین ہمیشہ۔
〃	〃	〃	وينذر الذين قالوا اتخذ الله ولدا ۙ ما لهم به من علم ولا لاٰبائهم (الآیۃ) اور ڈر سناوے انکو جو کہتے ہین اللہ رکہتا ہے اولاد کچہہ خبر نہین انکو اس بات کی نہ انکے باپ دادون کو
〃	〃	〃	فلعلك باخع نفسك على اٰثارهم ان لم يؤمنوا بهٰذا الحديث اسفا ۰ سو کہین تو ہلاک کرنیوالا ہے اپنی جان کو انکے پیچہے اگر وہ نہ ایمان لاوینگے اس بات پر باری غم کے
〃	〃	۴	واتل ما اوحي اليك من كتاب ربك ط اور پڑہ جو وحی ہوئی تجہکو تیرے رب کی کتاب سے
〃	〃	〃	وقل الحق من ربكم قف فمن شاء فليؤمن قف ومن شاء فليكفر ۰ اور کہہ سچی بات ہے تمہارے رب کی طرف سے پہر جو کوئی چاہے مانے اور جو کوئی چاہے نہ مانے
〃	〃	۸	ولقد صرفنا في هٰذا القراٰن للناس من كل مثل ط وكان الانسان اكثر شيء جدلا ۰ اور تحقیق پہیر پہیر سمجہائی ہمنے اس قرآن مین لوگون کو ہر ایک مثال اور ہے انسان سب چیز سے زیادہ جہگڑنے کو۔
۱۶	مریم	۱	يٰيحيٰى خذ الكتٰب بقوة ط اے یحیے پکڑ کتاب کو زور سے۔
〃	〃	۶	فانما يسرنٰه بلسانك لتبشر به المتقين وتنذر به قوما لدا ۰ سو ہمنے آسان کیا یہ قرآن تیری زبان مین اسیواسطے کہ خوشی سناوے تو ڈر والون کو اور ڈراوے جہگڑالو لوگون کو

پارہ	سورۃ	رکوع	
۱۶	طٰہٰ	۱	مَا اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓى ۙ اِلَّا تَذْكِرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى ۙ اسواسطی نہین اتارا ہم نے تجہپر قرآن کہ تو محنت مین پڑے مگر نصیحت کے واسطی جسکو ڈر ہے۔
〃	〃	〃	تَنْزِيْلًا مِّمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰى ۙ (تا چند آیات) اتارا ہے اس شخص کا جسنے بنائے زمین اور آسمان اونچے۔
〃	〃	۵	كَذٰلِكَ نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ مَا قَدْ سَبَقَ ۚ وَقَدْ اٰتَيْنٰكَ مِنْ لَّدُنَّا ذِكْرًا ۚ یون سناتے ہین ہم تجہکو احوال سے انکے جو پہلے گذرے اور ہمنے دی تجہکو اپنے پاس سے ایک نصیحت۔
〃	〃	〃	مَنْ اَعْرَضَ عَنْهُ فَاِنَّهٗ يَحْمِلُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وِزْرًا ۙ خٰلِدِيْنَ فِيْهِ ۭ وَسَآءَ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ حِمْلًا ۙ جو کوئی منہ پہیرے اس سے سو اٹہاویگا دن قیامت کے ایک بوجہ ہمیشہ رہین گے اسمین اور برا ہے انپر قیامت مین وہ بوجہ اٹہانیکا۔
〃	〃	۶	وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا وَّصَرَّفْنَا فِيْهِ مِنَ الْوَعِيْدِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ اَوْ يُحْدِثُ لَهُمْ ذِكْرًا ۙ اور اسی طرح اتارا ہمنے قرآن عربی زبان کا اور پہیر پہیر سنایا ہمنے وعدہ عذاب کا شاید بچ چلین یا ڈالے انکے دلون مین سوچ۔
〃	〃	〃	وَلَا تَعْجَلْ بِالْقُرْاٰنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّقْضٰٓى اِلَيْكَ وَحْيُهٗ ۡ وَقُلْ رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ۙ اور تو جلدی نہ کر قرآن لینے مین جب تک پورا نہ ہو چکے اترنا اور کہہ اے رب زیادہ کر میرا علم۔
〃	〃	۷	وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِيْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَّنَحْشُرُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَعْمٰى ۙ قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِيْٓ اَعْمٰى وَقَدْ كُنْتُ بَصِيْرًا ۙ قَالَ كَذٰلِكَ اَتَتْكَ اٰيٰتُنَا فَنَسِيْتَهَا ۚ وَكَذٰلِكَ الْيَوْمَ تُنْسٰى ۙ اور جسنے منہ پہیرا میری یاد سے تو اسکو ملنی ہے گذران تنگی کی اور اٹہا دینگے اسکو ہم دن قیامت کے اندہا وہ کہیگا اے رب کیون اٹہایا تونے مجہے اندہا اور میں تو تہا دیکہنے والا فرمادیگا یون ہی پہونچی تہی تجہکو ہماری آیتین پہر تونے انکو بہلا دیا اور اسی طرح آج تجہکو بہلا دین گے۔
〃	〃	〃	وَكَذٰلِكَ نَجْزِيْ مَنْ اَسْرَفَ وَلَمْ يُؤْمِنْۢ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ۭ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَدُّ وَاَبْقٰى ۙ اور اسی طرح بدلا دینگے ہم اسکو کہ حد سے نکل گیا اور نہ ایمان لایا اپنے رب کی باتون پر اور پچہلے گہر کا عذاب سخت ہے اور بہت دیر رہنے والا۔
۱۷	الانبیاء	۱	مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ ذِكْرٍ مِّنْ رَّبِّهِمْ مُّحْدَثٍ اِلَّا اسْتَمَعُوْهُ وَهُمْ يَلْعَبُوْنَ ۙ لَاهِيَةً قُلُوْبُهُمْ ۙ کوئی نصیحت نہین پہنچتی انکو انکے رب سے نئی مگر اسکو سنتے ہین کہیل مین لگے ہوئے کہیل مین پڑے ہین دل انکے

پارہ	سورہ	رکوع	
١٧	الانبیاء	١	لَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَیْکُمْ کِتٰبًا فِیْهِ ذِکْرُکُمْ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ہم نے اُتاری ہے تمکو کتاب اُس مین تمہارا ذکر ہے کیا تمکو بوجہہ نہین ۔
″	″	۴	بَلْ هُمْ عَنْ ذِکْرِ رَبِّهِمْ مُّعْرِضُوْنَ بلکہ وہ اپنے رب کے ذکر سے ٹال کرتے ہین ۔
″	″	۴	وَهٰذَا ذِکْرٌ مُّبٰرَکٌ اَنْزَلْنٰهُ اَفَاَنْتُمْ لَهٗ مُنْکِرُوْنَ اور یہ ایک نصیحت ہے برکت کی جو ہمنے اُتاری سو کیا تم اسکو نہین مانتے ۔
″	الحج	٢	وَکَذٰلِکَ اَنْزَلْنٰهُ اٰیٰتٍۭ بَیِّنٰتٍ وَّاَنَّ اللّٰهَ یَهْدِیْ مَنْ یُّرِیْدُ اور یون اُتارا ہم نے یہ قرآن کہلی باتین اور یہ ہے کہ اللہ سوجہہ دیتا ہے جسکو چاہے ۔
″	″	٩	وَاِذَا تُتْلٰی عَلَیْهِمْ اٰیٰتُنَا بَیِّنٰتٍ تَعْرِفُ فِیْ وُجُوْهِ الَّذِیْنَ کَفَرُوا الْمُنْکَرَ ط یَکَادُوْنَ یَسْطُوْنَ بِالَّذِیْنَ یَتْلُوْنَ عَلَیْهِمْ اٰیٰتِنَا ط قُلْ اَفَاُنَبِّئُکُمْ بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِکُمْ ط اَلنَّارُ ط وَعَدَهَا اللّٰهُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا ط وَبِئْسَ الْمَصِیْرُ اور جب سنائے اُنکو ہماری آیتین صاف تو پہچانے منکرون کے مُنہ پر بُری شکل نزدیک ہوتے ہین کہ بہبک پڑین اُنپر جو پڑہتے ہین اُنکو پاس ہماری آیتین تو کہہ مین تمکو بتاؤن ایک چیز اُس سے وہ بری آگ ہے اسکا وعدہ دیا ہے اللہ نے منکرون کو اور بہت بری ہے پہر جانے کی جگہہ ۔
١٨	المؤمنون	٦	اَلَمْ تَکُنْ اٰیٰتِیْ تُتْلٰی عَلَیْکُمْ فَکُنْتُمْ بِهَا تُکَذِّبُوْنَ (چند آیات از پیش و پس در بیان عذاب مکذبان قرآن مجید) کیا تمکو سناتے نہ تہے ہماری آیتین پہر تم اُنکو جہٹلاتے تہے ۔
″	النور	١	وَاَنْزَلْنَا فِیْهَآ اٰیٰتٍۭ بَیِّنٰتٍ لَّعَلَّکُمْ تَذَکَّرُوْنَ اور اُتارین ہمنے اس مین باتین صاف تا کہ تم نصیحت پکڑو ۔
″	″	۴	وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَیْکُمْ اٰیٰتٍ مُّبَیِّنٰتٍ وَّمَثَلًا مِّنَ الَّذِیْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِکُمْ وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِیْنَ اور البتہ تحقیق ہمنے اُتارین تمہاری طرف آیتین کہلی اور حال اُن لوگون کا جو ہو چکے ہین تمسے آگے اور نصیحت ڈر والون کو
″	″	٦	لَقَدْ اَنْزَلْنَآ اٰیٰتٍ مُّبَیِّنٰتٍ ط وَاللّٰهُ یَهْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ البتہ تحقیق اُتاری ہمنے آیتین کہول بتلانے والی اور اللہ چلاوے جسکو چاہے سیدہی راہ پر ۔
″	″	٨	کَذٰلِکَ یُبَیِّنُ اللّٰهُ لَکُمُ الْاٰیٰتِ ط وَاللّٰهُ عَلِیْمٌ حَکِیْمٌ یون بیان کرتا ہے اللہ تمہارے آگے باتین اور اللہ سب جانتا ہے حکمت والا ۔
″	″	″	کَذٰلِکَ یُبَیِّنُ اللّٰهُ لَکُمُ الْاٰیٰتِ ط وَاللّٰهُ عَلِیْمٌ حَکِیْمٌ یون ہی بیان کرتا ہے اللہ

پارہ	سورۃ	رکوع	
			تمکو اپنی باتین اور اللہ سب جانتا ہے حکمت والا۔
۱۸	النور	۸	كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ اسی طرح بیان کرتا ہے اللہ تمہارے آگے باتین توکہ تم سمجھو۔
؍؍	الفرقان	۱	تَبٰرَكَ الَّذِيْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰى عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرًا ۝ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ فَقَدَّرَهٗ تَقْدِيْرًا ۝ بڑی برکت ہے اسکی جسنے اتارا فیصلہ اپنے بندے پر کہ ہووے جہان والون کو ڈرانے والا وہ جسکی سلطنت ہے آسمانون اور زمین کی اور نہین پکڑا اسنے بیٹا اور نہین کوئی اسکا ساجھی راج مین اور بنائی ہر چیز پھر ٹھیک کیا اسکا اندازہ۔
۱۹	؍؍	۳	وَقَالَ الرَّسُوْلُ يٰرَبِّ اِنَّ قَوْمِي اتَّخَذُوْا هٰذَا الْقُرْاٰنَ مَهْجُوْرًا ۝ اور کہا رسول نے اے میرے رب بیشک میری قوم نے ٹھیرایا ہے اس قرآن کو بکواس۔
؍؍	؍؍	؍؍	وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ الْقُرْاٰنُ جُمْلَةً وَّاحِدَةً ۚ كَذٰلِكَ ۚ لِنُثَبِّتَ بِهٖ فُؤَادَكَ وَرَتَّلْنٰهُ تَرْتِيْلًا ۝ اور کہنے لگے وہ لوگ جو منکر ہین کیون نہ اترا اسپر قرآن سارا ایک بار اسیطرح تا ثابت رکہین ہم اس سے تیرا دل اور پڑھ سنایا ہمنے اسکو ٹھیر ٹھیر کر۔
؍؍	الشعراء	۱	تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝ یہ آیتین ہین کھلی کتاب کی۔
؍؍	؍؍	۱۱	وَاِنَّهٗ لَتَنْزِيْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ ۝ عَلٰى قَلْبِكَ لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ۝ اور تحقیق یہ قرآن ہے اتارا جہان کے صاحب کا اترا ہے ساتھہ اسکے روح الامین یعنے جبرئیل تیرے دلپر کہ تو ہو ڈر سنانیوالا۔
؍؍	؍؍	؍؍	بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِيْنٍ ۝ کھلی عربی زبان سے۔
؍؍	؍؍	؍؍	وَاِنَّهٗ لَفِيْ زُبُرِ الْاَوَّلِيْنَ ۝ اَوَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ اٰيَةً اَنْ يَّعْلَمَهٗ عُلَمٰٓؤُا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۝ اور بیشک یہ لکھا ہے پہلون کی کتابون مین کیا انکو نشانی نہین ہو چکی یہ کہ اسکی خبر رکہتے ہین پڑھے لوگ بنی اسرائیل کے۔
؍؍	؍؍	؍؍	وَلَوْ نَزَّلْنٰهُ عَلٰى بَعْضِ الْاَعْجَمِيْنَ ۝ فَقَرَاَهٗ عَلَيْهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ۝ اور اگر اتارتے ہم یہ کتاب کسی اوپری زبان والے پر اور وہ اسکو پڑھتا تو بھی اسکو یقین نہ لاتے
؍؍	؍؍	؍؍	لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ۝ وہ نہ ایمان لاوینگے ساتھہ اسکے جب تک نہ دیکھین گے عذاب درد دینے والا۔

پاره	سورة	رکوع	
۱۹	النمل	۱	تِلْكَ اٰيٰتُ الْقُرْاٰنِ وَكِتَابٍ مُّبِيْنٍ ۙ یہ آیتین ہین قرآن اور کتاب روشن کی -
"	"	"	هُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝ ہدایت ہے اور خوشخبری واسطے ایمان والون کے جو قائم رکھتے ہین نماز کو اور دیتے ہین زکوۃ اور وہ پچھلا گھر یقین جانتے ہین -
"	"	"	وَاِنَّكَ لَتُلَقَّى الْقُرْاٰنَ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ عَلِيْمٍ ۝ اور بیشک تجھکو قرآن ملتا ہے ایک حکمت والے خبردار سے -
۲۰	"	۶	اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَقُصُّ عَلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَكْثَرَ الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۝ بیشک یہ قرآن سناتا ہے بنی اسرائیل کو اکثر چیز جسمین وہ اختلاف کرتے ہین -
"	"	"	وَاِنَّهٗ لَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝ اور بیشک قرآن البتہ ہدایت ہے اور رحمت ہے ایمان والون کو
"	"	"	اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِيْ بَيْنَهُمْ بِحُكْمِهٖ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ ۝ بیشک تیرا رب اُن مین فیصلہ کریگا اپنی حکمت سے اور وہی ہے زبردست سب جانتا -
"	"	"	اِنْ تُسْمِعُ اِلَّا مَنْ يُّؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ مُّسْلِمُوْنَ ۝ تو تو سناتا ہے اسکو جو یقین رکھتا ہے ہماری باتون پر سو وہ حکم بردار ہون -
"	"	"	وَاِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ اَخْرَجْنَا لَهُمْ دَآبَّةً مِّنَ الْاَرْضِ تُكَلِّمُهُمْ اَنَّ النَّاسَ كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا لَا يُوْقِنُوْنَ ۝ اور جب پڑچکے گی اُنپر بات نکالین گے ہم اُنکے آگے ایک جانور زمین سے اُنسے باتین کریگا اسواسطے کہ لوگ ہماری نشانیان یقین نہین رکھتے تھے -
"	"	۷	وَيَوْمَ نَحْشُرُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ فَوْجًا مِّمَّنْ يُّكَذِّبُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ۝ اور جسدن گھیر لائینگے ہم ہر فرقہ مین سے ایک جماعت جو جھٹلاتے تھے ہماری باتین پھر اُنکی مسل بنیگی -
"	"	"	حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْ قَالَ اَكَذَّبْتُمْ بِاٰيٰتِيْ وَلَمْ تُحِيْطُوْا بِهَا عِلْمًا اَمَّاذَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ وَوَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ بِمَا ظَلَمُوْا فَهُمْ لَا يَنْطِقُوْنَ ۝ یہانتک کہ آ پہونچے فرمایا کہ کیون تمنے جھٹلائین میری باتین اور نہ آچکین تمہین تمہاری سمجھ مین یا کیا کرتے تھے اور پڑچکی اُنپر بات اسواسطے کہ انہون نے شرارت کی سو وہ کچھ نہین بولتے -
"	"	"	وَاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝ وَاَنْ اَتْلُوَا الْقُرْاٰنَ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَقُلْ اِنَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ۝ اور حکم ہے کہ رہون حکم بردارون مین اور یہ کہ سنادون قرآن پھر جو کوئی راہ پر آیا سو راہ پر آوے اپنے بھلے کو اور جو

پارہ	سورۃ	رکوع	
			کوئی ہیکار ہا تو کہہ دے میں یہی ہوں ڈر سنانے والا۔
۲۰	القصص	۵	وَلَوْلَآ اَنْ تُصِيْبَهُمْ مُّصِيْبَةٌۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ فَيَقُوْلُوْا رَبَّنَا لَوْلَآ اَرْسَلْتَ اِلَيْنَا رَسُوْلًا فَنَتَّبِعَ اٰيٰتِكَ وَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۔ اگر نہ ہوتا یہ کہ پہنچتی انکو مصیبت بسبب اس چیز کے کہ آگے بھیجا ہے ہاتھوں انکے نے پس کہیں گے اے رب ہمارے کیوں نہ بھیجا تو نے طرف ہماری پیغمبر پس پیروی کرتے ہم نشانیوں تیری کی اور ہوتے ہم ایمان والوں سے
″	″	″	فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا قَالُوْا لَوْلَآ اُوْتِيَ مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى ؕ (الآیۃ) پھر جب پہنچی انکو ٹھیک بات ہمارے پاس سے کہنے لگے کیوں نہ ملا اسکو جیسا ملا تھا موسے کو۔
″	″	″	قُلْ فَاْتُوْا بِكِتٰبٍ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ هُوَ اَهْدٰى مِنْهُمَآ اَتَّبِعْهُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۔ تو کہہ تم لاؤ کوئی کتاب اللہ کے پاس کی جو ان دونوں سے بہتر ہو میں اس پر چلوں اگر تم سچے ہو۔
۲۱	العنکبوت	۵	اُتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنَ الْكِتٰبِ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ ؕ (تا آخر رکوع بیان قرآن مجید وجواب شہادت منکران) تو پڑھ جو اتری تیری طرف کتاب اور کھڑی رکھ نماز۔
″	″	″	بَلْ هُوَ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ فِيْ صُدُوْرِ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ ؕ بلکہ یہ قرآن آیتیں ہیں صاف سینے میں انکے جنکو ملی ہے سمجھ۔
″	″	″	اَوَلَمْ يَكْفِهِمْ اَنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ يُتْلٰى عَلَيْهِمْ ؕ کیا انکو بس نہیں کہ ہمنے تجھ پر اتاری کتاب کہ انپر پڑھی جاتی ہے۔
″	″	″	اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَرَحْمَةً وَّذِكْرٰى لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۔ بے شک اس میں البتہ رحمت ہے اور نصیحت ان لوگوں کو جو مانتے ہیں۔
۲۱	الروم	۵	اِنْ تُسْمِعُ اِلَّا مَنْ يُّؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ مُّسْلِمُوْنَ ۔ تو تو سناوے اسکو جو یقین مانے ہماری باتیں سو وہ مسلمان ہوتے ہیں۔
″	لقمن	۱	تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ۙ هُدًى وَّرَحْمَةً لِّلْمُحْسِنِيْنَ ۙ الَّذِيْنَ (تا مُفْلِحُوْنَ) یہ آیتیں ہیں پکی کتاب کی ہدایت اور رحمت نیکی والوں کو۔
″	السجدۃ	۱	تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۔ اتارنا کتاب کا ہے اس میں کچھ شک نہیں جہان کے صاحب سے۔
″	″	″	اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۚ بَلْ هُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ۔ کیا کہتے ہیں یہ بنا لایا کوئی نہیں وہ ٹھیک ہے

پاره	سورة	رکوع	
			تیرے رب کیطرف سے کہ تو ڈر سناوے ایسے لوگون کو جنکو نہین آیا کوئی ڈرانے والا تجھ سے پہلے تاکہ وہ ہدایت پاوین۔
۲۲	فاطر	۴	إِنَّ الَّذِينَ يَتْلُونَ كِتَابَ اللَّهِ وَأَقَامُوا الصَّلَوٰةَ وَأَنفَقُوا مِمَّا رَزَقْنَاهُمْ سِرًّا وَعَلَانِيَةً يَرْجُونَ تِجَارَةً لَّن تَبُورَ ۝ لِيُوَفِّيَهُمْ أُجُورَهُمْ وَيَزِيدَهُم مِّن فَضْلِهِ إِنَّهُ غَفُورٌ شَكُورٌ ۝ جو لوگ پڑھتے ہین کتاب اللہ کی اور سیدھی کرتے ہین نماز اور خرچ کرتے ہین کچھ ہمارا دیا چھپے اور کھلے امید رکھتے ہین سوداگری کی ہرگز نہ ہلاک ہوگی تاکہ پورا دے انکو ثواب اپنے فضل سے تحقیق وہی بخشنے والا مہربان ہے۔
〃	〃	〃	وَالَّذِي أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ مِنَ الْكِتَابِ هُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ إِنَّ اللَّهَ بِعِبَادِهِ لَخَبِيرٌ بَصِيرٌ ۝ اور جو ہمنے تجھپر اتاری کتاب وہی ٹھیک ہے سچا کرتی آپ سے اگلی کو تحقیق اللہ اپنے بندون سے خبر رکھتا ہے دیکھتا۔
〃	〃	〃	ثُمَّ أَوْرَثْنَا الْكِتَابَ الَّذِينَ اصْطَفَيْنَا مِنْ عِبَادِنَا ۝ پھر ہمنے وارث کیا کتاب کا ان لوگون کو کہ برگزیدہ کیا ہے ہمنے بندون اپنون سے۔
〃	یس	۱	وَالْقُرْآنِ الْحَكِيمِ ۝ قسم ہے اس قرآن حکمت والی کی۔
〃	〃	〃	تَنزِيلَ الْعَزِيزِ الرَّحِيمِ ۝ لِتُنذِرَ قَوْمًا مَّا أُنذِرَ آبَاؤُهُمْ فَهُمْ غَافِلُونَ ۝ اتارا زبردست رحم والے کا کہ تو ڈراوے ان لوگون کو کہ ڈر نہین سنا انکے باپ دادون نے سو وہ غافل ہین
۲۳	〃	۵	وَمَا عَلَّمْنَاهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنبَغِي لَهُ إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ وَقُرْآنٌ مُّبِينٌ ۝ اور ہمنے نہین سکھایا اسکو شعر کہنا اور یہ اسکے لائق نہین یہ تو نری نصیحت ہے اور کتاب روشن۔
〃	〃	〃	لِّيُنذِرَ مَن كَانَ حَيًّا وَيَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى الْكَافِرِينَ ۝ تا ڈر سناوے اسکو جو زندہ ہے اور ثابت ہوجاوے بات عذاب کی کافرون پر۔
〃	ص	۱	وَالْقُرْآنِ ذِي الذِّكْرِ ۝ قسم ہے اس قرآن نصیحت کرنے والی کی۔
〃	〃	۳	كِتَابٌ أَنزَلْنَاهُ إِلَيْكَ مُبَارَكٌ لِّيَدَّبَّرُوا آيَاتِهِ وَلِيَتَذَكَّرَ أُولُوا الْأَلْبَابِ ۝ ایک کتاب ہے جو اتاری ہمنے تیریطرف برکت والی تا دھیان کرین لوگ اسکی باتین اور سمجھین عقل والے
〃	الزمر	۱	تَنزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللَّهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ ۝ اتارنا اس کتاب کا اللہ زبردست حکمت والیکی طرف سے
〃	〃	〃	إِنَّا أَنزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ فَاعْبُدِ اللَّهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّينَ ۝ بیشک ہمنے اتاری تیریطرف کتاب ٹھیک سو بندگی کر اللہ کی خالص کرکر اسکے واسطے بندگی۔

پارہ	سورۃ	رکوع	
۲۳	الزمر	۲	فَبَشِّرْ عِبَادِ ۙ الَّذِيْنَ يَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ هَدٰىهُمُ اللّٰهُ وَاُولٰٓئِكَ هُمْ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۔ سو تو خوشی سُنا میرے بندونکو جو سنتے ہین بات پہر چلتے ہین اُسکے نیک پر وہی ہین جنکو راہ دی اللہ نے اور وہی ہین عقل والے
؍؍	؍؍	۳	اَللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِيْثِ كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِيَ ۖ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ۚ ثُمَّ تَلِيْنُ جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اللہ نے اُتاری بہتر بات کتاب آپسمین ملتی دوہرائی ہوئی بال کہڑے ہوتے ہین اُس سے کہال پر ان لوگونکے جو ڈرتے ہین اپنے رب سے پہر نرم ہوتی ہین اُنکی کہالین اور اُنکے دل اللہ کی یاد پر۔
؍؍	؍؍	؍؍	وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ۔ اور تحقیق ہمنے بیان کی لوگون کو اس قرآن مین ہر ایک مثل تا کہ وہ نصیحت پکڑین۔
؍؍	؍؍	؍؍	قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا غَيْرَ ذِيْ عِوَجٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ۔ قرآن ہے عربی زبان کا جسمین کجی نہین کہ شاید وہ بچ چلین۔
۲۴	؍؍	۴	اِنَّا اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ لِلنَّاسِ بِالْحَقِّ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۚ وَمَا اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ۔ ہمنے اُتاری ہے تجہپر کتاب لوگون کے واسطے سچے دین کے ساتھہ پہر جو کوئی راہ پر آیا سو اپنے بہلے کو اور جو کوئی بہکا سو یہی کہ بہکا اپنے بُرے کو اور تجہہ پر اُنکا ذمہ نہین۔
؍؍	؍؍	۶	وَاتَّبِعُوْٓا اَحْسَنَ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ بَغْتَةً وَّاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ۔ اَنْ تَقُوْلَ نَفْسٌ (تا چند آیات جواب بحسرۃ و عذر عمل نا کردن بر قرآن در روز قیامت) اور پیروی کرو بہتر اس چیز کی کہ اُتاری گئی ہے طرف تمہاری پروردگار تمہارے سے پہلے اس سے کہ آوے تمکو عذاب ناگہان اور تم نہ جانتے ہو ایسا نہو کہ کہے کوئی اے افسوس
؍؍	المومن	۱	تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ۔ (دو آیت تا المصیر) اُتارنا کتاب کا اللہ غالب جاننے والے کی طرف سے۔
؍؍	؍؍	؍؍	مَا يُجَادِلُ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ اِلَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَلَا يَغْرُرْكَ تَقَلُّبُهُمْ فِي الْبِلَادِ ۔ نہین جہگڑتے بیچ نشانیون اللہ کے مگر وہ لوگ کہ کافر ہوئے پس نہ فریب مین ڈالے تجہکو پہرنا اُنکا بیچ شہرونکے
؍؍	حم السجدہ	۱	تَنْزِيْلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ اُتاری ہوئی ہے بخشنے والے مہربان کیطرف سے۔

پاره	سورة	رکوع	
۲۴	حم السجدة	۱	كِتٰبٌ فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝ کتاب ہے جدا کی گئیں ہیں آیتیں اسکی قرآن عربی ہے واسطے اس قوم کے کہ جانتے ہیں
〃	〃	〃	بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ۚ فَاَعْرَضَ اَكْثَرُهُمْ فَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ۝ (دو آیت تا یعلمون ۶) خوشخبری دینے والی اور ڈرانے والی پس منہ پھیر لیا بہتون انکے نے پس وہ نہیں سنتے۔
〃	〃	۴	وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَسْمَعُوْا لِهٰذَا الْقُرْاٰنِ وَالْغَوْا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَغْلِبُوْنَ اور کہا ان لوگون نے جو کافر ہوئے مت سنو اس قرآن کو اور بک بک کرو بیچ اسکے تو کہ تم غالب ہو۔
〃	〃	۵	وَاِنَّهٗ لَكِتٰبٌ عَزِيْزٌ ۝ لَّا يَاْتِيْهِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ ۭ اور تحقیق وہ البتہ کتاب ہے عزت والی نہیں آتا اسکے پاس جھوٹ آگے اسکے سے اور نہ پیچھے اسکے سے
〃	〃	〃	تَنْزِيْلٌ مِّنْ حَكِيْمٍ حَمِيْدٍ ۝ اتاری گئی ہے حکمت والے تعریف کیے گئے کیطرف سے۔
〃	〃	〃	وَلَوْ جَعَلْنٰهُ قُرْاٰنًا اَعْجَمِيًّا لَّقَالُوْا لَوْلَا فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ ۭ ءَاَعْجَمِيٌّ وَّعَرَبِيٌّ ۭ اور اگر کرتے ہم اسکو قرآن عجمی بولی کا البتہ کہتے کیون نہ جدا جدا کی گئیں آیتیں اسکی کیا عجمی بولی اور عربی لوگ
〃	〃	〃	قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَاۗءٌ ۭ وَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرٌ وَّهُوَ عَلَيْهِمْ عَمًى ۭ اُولٰۗىِٕكَ يُنَادَوْنَ مِنْ مَّكَانٍۢ بَعِيْدٍ ۝ کہہ وہ واسطے ان لوگون کے کہ ایمان لائے ہدایت اور تندرستی ہے اور وہ لوگ کہ نہیں ایمان لاتے بیچ کانون انکے کے بوجھ ہے اور قرآن اوپر اونکے اندھا پا ہے یہ لوگ پکارے جاتے ہیں مکان دور سے
〃	〃	〃	وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَاخْتُلِفَ فِيْهِ ۭ (شکایت اختلاف کنندگان در کتاب آسمانی) اور البتہ تحقیق دی ہمنے موسیٰ کو کتاب پس اختلاف کیا گیا بیچ اسکے۔
۲۵	الشوریٰ	۱	وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لِّتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى وَمَنْ حَوْلَهَا وَتُنْذِرَ يَوْمَ الْجَمْعِ لَا رَيْبَ فِيْهِ ۭ اور اسی طرح وحی کیا ہمنے طرف تیری قرآن عربی تو کہ ڈراوے تو مکے والون کو اور انکو کہ گرد اسکے ہیں اور ڈراوے دن اکٹھے کرنے سے نہیں شک بیچ اسکے
〃	〃	۲	اَللّٰهُ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ وَالْمِيْزَانَ ۭ اللہ وہ شخص ہے جسنے اتارا ہے کتاب کو ساتھ حق کے اور ترازو کو۔
〃	الزخرف	۱	وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝ قسم ہے کتاب بیان کرنے والی کی۔
〃	〃	〃	اِنَّا جَعَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝ تحقیق کیا ہے ہمنے اسکو قرآن عربی تو کہ تم سمجھو
〃	〃	〃	وَاِنَّهٗ فِيْٓ اُمِّ الْكِتٰبِ لَدَيْنَا لَعَلِيٌّ حَكِيْمٌ ۝ اور تحقیق وہ بیچ لوح محفوظ کے نزدیک ہمارے

پارہ	سورۃ	رکوع	
			بلند قدر حکمت بہرا ہے۔
۲۵	الزخرف	۱	اَفَنَضْرِبُ عَنْكُمُ الذِّكْرَ صَفْحًا اَنْ كُنْتُمْ قَوْمًا مُّسْرِفِيْنَ ۝ کیا پس پہیر دین ہم تمسے ذکر کو روک کو یعنے پہیر لیوین اسواسطے کہ ہو تم قوم حد سے نکلی ہوئی۔
״	״	۳	وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ ۝ اور کہا انہون نے کیون نہ اتارا گیا یہ قرآن اوپر ایک بڑے کے دونون بستیون مین سے یعنے مکہ اور طائف۔
״	״	״	اَهُمْ يَقْسِمُوْنَ رَحْمَتَ رَبِّكَ کیا یہ قسمت کرتے ہین رحمت پروردگار تیرے کو۔
״	״	۴	وَمَنْ يَّعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ نُقَيِّضْ لَهٗ شَيْطٰنًا فَهُوَ لَهٗ قَرِيْنٌ ۝ اور جو کوئی شب کوری کرے یاد خدا کی سے مقرر کرتے ہین ہم واسطے اسکے شیطان پس وہ واسطے اسکے ہمنشین ہوتا ہے۔
״	الدخان	۱	وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝ قسم ہے کتاب بیان کرنے والی کی۔
״	״	״	اِنَّا اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ اِنَّا كُنَّا مُنْذِرِيْنَ ۝ تحقیق اتارا ہمنے اس قرآن کو بیچ رات برکت والی کے تحقیق ہم ہین ڈرانے والے۔
״	الجاثیہ	۱	تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ۝ اتارنا کتاب کا اللہ غالب حکمت والے کی طرف سے ہے
״	״	״	تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۚ یہ نشانیان ہین اللہ کی پڑہتے ہین ہم انکو اوپر تیرے ساتھ حق کے
״	״	״	فَبِاَيِّ حَدِيْثٍ بَعْدَ اللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ يُؤْمِنُوْنَ ۝ پس ساتھ کس بات کے پیچھے اللہ کے اور نشانیون اسکی کے ایمان لاوینگے۔
״	״	״	وَيْلٌ لِّكُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ يَّسْمَعُ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُتْلٰى عَلَيْهِ ثُمَّ يُصِرُّ مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝ وائی ہے واسطے ہر جہوٹ باندہنے والے گنہگار کے کہ سنتا ہے نشانیان اللہ کی کو پڑہی جاتی ہین اوپر اسکے پہر ضد کرتا ہے تکبر کرتا ہوا گویا کہ نہین سنا پس خبر دے اسکو ساتھ عذاب درد دینے والے کے۔
״	״	״	وَاِذَا عَلِمَ مِنْ اٰيٰتِنَا شَيْئَا اتَّخَذَهَا هُزُوًا اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝ مِنْ وَّرَاۗىِٕهِمْ جَهَنَّمُ وَلَا يُغْنِيْ عَنْهُمْ مَّا كَسَبُوْا شَيْئًا وَّلَا مَا اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَاۗءَ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝ اور جب جانتا ہے نشانیون ہماری مین سے کوئی چیز پکڑتا ہے ٹہٹہا یہ لوگ واسطے انکے ہے عذاب رسوا کرنے والا پیچھے سے انکے دوزخ ہے اور نہ کفایت کریگا انسے جو کچہہ کمایا انہون نے کچہہ اور نہ جنکو پکڑا اسواے اللہ کے دوست اور واسطے انکے عذاب ہے بڑا
״	״	״	هٰذَا هُدًى وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ لَهُمْ عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ۝ یہ ہے ہدایت اور جو لوگ کہ کافر ہوئے ساتھ نشانیون رب اپنے کے واسطے انکے عذاب ہی گاڑہے قسم سے

پارہ	سورۃ	رکوع	
۲۶	الاحقاف	۱	تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ۝ اتارنا کتاب کا ہے اللہ عزت والے حکمت والے کی طرف سے
"	"	"	وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ اور جب پڑہی جاتی ہین اوپر انکے نشانیان ہماری ظاہر کہتے ہین وہ لوگ کہ کافر ہوئے واسطے حق کے جب آیا انکے پاس یہہ جادو ہے ظاہر
"	"	"	اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ۭ قُلْ اِنِ افْتَرَيْتُهٗ فَلَا تَمْلِكُوْنَ لِيْ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ۭ هُوَ اَعْلَمُ بِمَا تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ۭ كَفٰى بِهٖ شَهِيْدًۢا بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۭ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝ کیا یہہ کہتے ہین کہ باندہ لیا ہے اسنے اسکو پس نہین تم مالک واسطے میرے اللہ کی طرف سے کسی چیز کے وہ جانتا ہے اس چیز کو کہ شروع کرتے ہو تم بیچ اسکے کفایت ہے وہ گواہ بیچ درمیان میرے اور درمیان تمہارے اور وہ ہے بخشنے والا مہربان۔
"	"	۲	وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّرَحْمَةً ۭ وَهٰذَا كِتٰبٌ مُّصَدِّقٌ لِّسَانًا عَرَبِيًّا لِّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ڰ وَبُشْرٰى لِلْمُحْسِنِيْنَ ۝ اور پہلے اس سے کتاب ہے موسی کی پیشوا اور رحمت اور یہہ کتاب سچا کرنے والی ہے اسکو بولی عربی تو کہ ڈراوے ان لوگون کو ظلم کرتے ہین اور خوشخبری واسطے احسان کرنیوالون کے
"	"	۴	وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا مَا حَوْلَكُمْ مِّنَ الْقُرٰى وَصَرَّفْنَا الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ۝ اور تحقیق ہلاک کین ہمنے جو کچہ گرد تمہارے تہین بستیون سے اور طرح طرح سے پہیر کر بیان کین ہمنے نشانیان تو کہ وہ رجوع کرین
"	"	"	وَاِذْ صَرَفْنَآ اِلَيْكَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ يَسْتَمِعُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۚ فَلَمَّا حَضَرُوْهُ قَالُوْٓا اَنْصِتُوْا ۚ فَلَمَّا قُضِيَ وَلَّوْا اِلٰى قَوْمِهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ۝ اور جسوقت کہ پہیر لائے ہم طرف تیری جماعت جنون مین سے کہ سنتے تہے قرآن پس جب حاضر ہوئے اسکے پاس کہنے لگے آپس مین کہ چپ رہو پس جب تمام ہوا پڑہنا پہر گئے طرف قوم اپنی کے ڈراتے ہوئے۔
"	"	"	قَالُوْا يٰقَوْمَنَآ اِنَّا سَمِعْنَا كِتٰبًا مِّنْ بَعْدِ مُوْسٰى مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ يَهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ وَاِلٰى طَرِيْقٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ کہا انہون نے ای قوم ہماری تحقیق سنی ہمنے ایک کتاب جو اتاری گئی ہے پیچہے موسے کے سچا کرنیوالی اس چیز کو کہ آگے اسکے ہے راہ دکہاتی ہو طرف
"	"	"	يٰقَوْمَنَآ اَجِيْبُوْا دَاعِيَ اللّٰهِ (دو آیت تا مبین بیان ثواب قرآن کے حکم ماننے والون کا اور وبال نہ ماننے کا) ای قوم ہماری قبول کرو واسطے بلانے والے کے اللہ کی طرف سے۔
"	محمد	۱	وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰي مُحَمَّدٍ وَّهُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ

پارہ	سورۃ	رکوع	
۲۶	محمد	۱	كفر عنهم سيئاتهم واصلح بالهم ۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور کام کیے اچھے اور ایمان لائے ساتھ اس چیز کے کہ اتاری گئی ہے اوپر محمد کے اور وہ حق ہے پروردگار انکے سے دور کیں برائیاں انکی اور سنوارا حال انکا
۲۶	محمد	۱	والذين كفروا فتعسا لهم واضل اعمالهم ۔ ذلك بانهم كرهوا ما انزل الله فاحبط اعمالهم ۔ اور جو لوگ کافر ہوئے پس گرپڑنا ہے واسطے انکے اور بیراہ کیا عملوں انکے کو یہ سبب اسکے ہے کہ انکو وہ کہا تہا انہوں نے اس چیز کو کہ نازل کی ہو خدا نے میں کہو دیے عمل انکے
〃	ق	۱	والقرآن المجيد ۔ قسم ہے قرآن بزرگ کی
〃	〃	۳	فذكر بالقرآن من يخاف وعيد ۔ پس نصیحت دے ساتھ قرآن کے اس شخص کو ڈرتا ہو ڈرانے میرے سے
۲۷	الطور	۱	ام يقولون شاعر نتربص به ريب المنون ۔ قل تربصوا فانى معكم من المتربصين ۔ کیا کہتے ہیں کہ شاعر ہے انتظار رکہتے ہیں ہم ساتھ اسکے حادثے موت کے کا کہہ کہ منتظر رہیں پس تحقیق میں بہی ساتھ تمہارے انتظار کرنے والوں سے ہوں ۔
〃	〃	〃	ام يقولون تقوله ۔ بل لا يؤمنون ۔ کیا کہتے ہیں اسنے بنایا ہے اس قرآن کو بلکہ نہیں ایمان لاتے ۔
〃	〃	〃	فليأتوا بحديث مثله ان كانوا صادقين ۔ پس چاہیے کہ لے آویں ایک بات مانند اسکے
〃	القمر	۱	ولقد يسرنا القرآن للذكر فهل من مدكر ۔ (این آیت درین سورت چہار بار آمدہ است) اور تحقیق آسان کیا ہمنے قرآن کو واسطے نصیحت کے پس کیا ہے کوئی نصیحت پکڑنے والا ۔
〃	الرحمن	۱	الرحمن ۔ علم القرآن ۔ رحمان نے سکھایا قرآن ۔
〃	الواقعہ	۳	فلا اقسم بمواقع النجوم ۔ وانه لقسم لو تعلمون عظيم ۔ انه لقرآن كريم ۔ پس قسم کہاتا ہوں ساتھ گرنے تاروں کے اور تحقیق یہ قسم ہے اگر جانو تم بڑی تحقیق یہ پڑہنے کی چیز ہے با کرامت
〃	〃	〃	في كتاب مكنون ۔ بیچ کتاب پوشیدہ کے
〃	〃	〃	لا يمسه الا المطهرون ۔ نہیں ہاتہ لگاتے اسکو مگر پاک لوگ ۔
〃	〃	〃	تنزيل من رب العلمين ۔ اتاری ہوئی ہے پروردگار عالموں کے سے ۔
〃	〃	〃	افبهذا الحديث انتم مدهنون ۔ وتجعلون رزقكم انكم تكذبون ۔ پس ساتھ اس بات کے تم سستی کرتے ہو اور کرتے ہو حصہ اپنا یہ کہ جھٹلاتے ہو ۔
〃	الحديد	۱	هو الذي ينزل على عبده آيات بينات ليخرجكم من الظلمات الى النور وان الله

پارہ	سورۃ	رکوع	
			بِكُمْ لَرَءُوفٌ رَّحِيمٌ وہ ہی جو اتارتا ہے اوپر بندے اپنے کے نشانیاں ظاہر تو کہ نکالے تمکو اندھیرن سے طرف روشنی کے اور تحقیق اللہ ساتھ تمہارے البتہ شفقت کرنیوالا مہربان ہے۔
۲۷	الحدید	۲	أَلَمْ يَأْنِ لِلَّذِينَ آمَنُوا أَنْ تَخْشَعَ قُلُوبُهُمْ لِذِكْرِ اللَّهِ وَمَا نَزَلَ مِنَ الْحَقِّ وَلَا يَكُونُوا كَالَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ مِنْ قَبْلُ فَطَالَ عَلَيْهِمُ الْأَمَدُ فَقَسَتْ قُلُوبُهُمْ وَكَثِيرٌ مِنْهُمْ فَاسِقُونَ ۔ کیا نہیں نزدیک آیا واسطے ان لوگوں کے کہ ایمان لائے ہیں یہ کہ عاجزی کریں دل انکے وقت یاد خدا کے اور جو کچھ اتارا گیا ہے حق سے اور نہ ہو دیں مانند ان لوگوں کے کہ دیے گئے تھے کتاب پہلے اس سے پس دراز ہوئی اوپر انکے مدت پس سخت ہو گئے دل انکے اور بہت ان میں سے فاسق ہیں۔
〃	〃	〃	قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْآيَاتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ ۔ تحقیق بیان کیں ہم نے واسطے تمہارے نشانیاں تو کہ تم عقل کرو۔
〃	〃	۳	لَقَدْ أَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَيِّنَاتِ وَأَنْزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتَابَ وَالْمِيزَانَ لِيَقُومَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ (الآیۃ) تحقیق بھیجا ہمنے پیغمبرن اپنوں کو ساتھ دلیل ظاہر کے اور اتاری ہمنے ساتھ انکے کتاب اور ترازو یعنے قواعد عدل تو کہ قائم رہیں لوگ عدل کو۔
۲۸	الحشر	۳	لَوْ أَنْزَلْنَا هَذَا الْقُرْآنَ عَلَى جَبَلٍ لَرَأَيْتَهُ خَاشِعًا مُتَصَدِّعًا مِنْ خَشْيَةِ اللَّهِ وَتِلْكَ الْأَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ ۔ اگر اتارتے ہم اس قرآن کو اوپر پہاڑ کے البتہ دیکھتا تو اسکو دب جانے والا پھٹ جانے والا ڈر خدا کے سے اور یہ مثالیں بیان کرتے ہیں ہم انکو واسطے لوگوں کے تو کہ وہ فکر کریں۔
۲۸	الجمعہ	۱	هُوَ الَّذِي بَعَثَ فِي الْأُمِّيِّينَ رَسُولًا مِنْهُمْ يَتْلُو عَلَيْهِمْ آيَاتِهِ وَيُزَكِّيهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَإِنْ كَانُوا مِنْ قَبْلُ لَفِي ضَلَالٍ مُبِينٍ ۔ وہ ہے جسنے بھیجا بیچ ان پڑھوں کے پیغمبر انہیں میں سے پڑھتا ہے اوپر انکے نشانیاں اسکی اور پاک کرتا ہے اون کو اور سکھاتا ہے انکو کتاب اور حکمت اور تحقیق تھے پہلے اس سے البتہ بیچ گمراہی ظاہر کے۔
〃	الطلاق	۲	قَدْ أَنْزَلَ اللَّهُ إِلَيْكُمْ ذِكْرًا ۔ رَسُولًا يَتْلُو عَلَيْكُمْ آيَاتِ اللَّهِ مُبَيِّنَاتٍ لِيُخْرِجَ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ ۔ تحقیق اتارا ہے اللہ نے طرف تمہاری ذکر یعنے پیغمبر ہے جو پڑھتا ہے اوپر تمہارے نشانیاں اللہ کی بیان کرنیوالیں تو کہ نکالے ان لوگوں کو کہ ایمان لائے اور کام کیے اچھے اندھیرن سے طرف روشنی کی۔

پاره	سورة	رکوع	
۲۹	ن	۲	وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ اور نہین یہ مگر نصیحت واسطے عالمون کے۔
"	الحاقة	۲	اِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ ۝ (از پیش بس رہشت آیات شان قرآن مجید مذکور ست) تحقیق و البتہ کہنا ہے پیغام پہنچانے والی بزرگ کا۔
"	الجن	۱	فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا يَّهْدِيْٓ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ۝ پس کہا انہون نے تحقیق سنا ہمنے قرآن عجیب کہ راہ دکھاتا ہے طرف بھلائی کے پس ایمان لائے ہم ساتھہ اُسکے۔
"	المزمل	۱	وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ۝ اور آہستہ آہستہ یعنے واضح پڑہ قرآن آہستہ پڑہنا۔
"	"	"	اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ۝ تحقیق یہ نصیحت ہے پس جو کوئی چاہے پکڑے طرف پروردگار اپنے کے راہ
۵	"	۲	فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ ۝ پس پڑہو جو میسر ہو قرآن سے۔
"	"	"	فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ پس پڑہو جو آسان ہو اس مین سے۔
"	المدثر	۱	اِنَّهٗ كَانَ لِاٰيٰتِنَا عَنِيْدًا ۝ سَاُرْهِقُهٗ صَعُوْدًا ۝ تحقیق وہ ہے واسطے نشانیون ہماری کے عناد کرنے والا شتاب چڑہاؤنگا مین اسکو صعود پر۔
"	"	"	فَقَالَ اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ يُّؤْثَرُ ۝ اِنْ هٰذَآ اِلَّا قَوْلُ الْبَشَرِ ۝ سَاُصْلِيْهِ سَقَرَ ۝ (تا چند آیات) پس کہا نہین یہ مگر جادو کہ نقل کیا جاتا ہے نہین یہ مگر بات آدمی کی شتاب داخل کرونگا اُسکو دوزخ مین۔
"	"	"	وَمَا هِيَ اِلَّا ذِكْرٰى لِلْبَشَرِ ۝ اور نہین وہ مگر یاد کرنے کو واسطے لوگون کے۔
"	"	۲	فَمَا لَهُمْ عَنِ التَّذْكِرَةِ مُعْرِضِيْنَ ۝ (تا چند آیات) پس کیا ہے ان کو کہ اس نصیحت سے منہہ پہیرتے ہین۔
"	"	"	كَلَّآ اِنَّهٗ تَذْكِرَةٌ ۝ فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ۝ کوئی نہین تحقیق یہ نصیحت ہے پس جو کوئی چاہے یاد کرے اسکو
"	القيمة	۱	لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ ۝ اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ ۝ مت ہلا ساتھہ قرآن مجید کے زبان اپنی کو تو کہ جلدی کرے تو ساتھہ اُسکے تحقیق ہمارے ذمہ ہے اکٹھا کرنا اُسکا بیچ دل تیرے کے
"	"	"	فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ ۝ ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ ۝ پس جس وقت پڑہین ہم اُسکو پس پیروی کر پڑہنے ہمارے کی پہر تحقیق ہمارے ذمہ ہے بیان کرنا اُس کا۔
"	الدهر	۲	اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ تَنْزِيْلًا ۝ فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ تحقیق اُتارا ہمنے اوپر تیرے

پاره	سورة	رکوع	
			قرآن آہستہ آہستہ پس صبر کرو واسطے حکم پروردگار اپنے کے۔
٢٩	المرسلات	٢	فَبِاَیِّ حَدِیْثٍ بَعْدَهٗ یُؤْمِنُوْنَ ۝ پس ساتھہ کس بات کے پیچھے اسکے ایمان لاوینگے۔
٣٠	عبس	١	كَلَّاۤ اِنَّهَا تَذْكِرَةٌ فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ۝ ہرگز یون نہین تحقیق نصیحت ہے پس جو کوئی چاہے یاد کرے اسکو
〃	〃	〃	فِیْ صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ مَّرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ بِاَیْدِیْ سَفَرَةٍ كِرَامٍۭ بَرَرَةٍ ۝ بیچ صحیفون تعظیم کیے گیون کے پاک کیے گئے بیچ ہاتھون لکھنے والون کے۔
〃	التکویر	١	اِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِیْمٍ ذِیْ قُوَّةٍ عِنْدَ ذِی الْعَرْشِ مَكِیْنٍ ۝ مُّطَاعٍ ثَمَّ اَمِیْنٍ ۝ تحقیق یہ کہنا پیغام پہنچانے والے بزرگ کا ہے قوت والا نزدیک صاحب عرش کے مرتبے والا کہا مانا گیا اوس جگہہ باامانت
〃	البروج	١	بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِیْدٌ فِیْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ۝ بلکہ وہ قرآن ہے بزرگ بیچ لوح محفوظ کے۔
〃	الطارق	١	اِنَّهٗ لَقَوْلٌ فَصْلٌ وَّمَا هُوَ بِالْهَزْلِ ۝ تحقیق یہ بات البتہ بات ہے فیصلہ کرنے والی اور نہین وہ بے فائدہ۔
〃	القدر	١	اِنَّاۤ اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ ۝ تحقیق نازل کیا ہمنے قرآن کو بیچ رات قدر کے

بیان اندکی از شان حضرت رسول کریم صلعم

پاره	سورة	رکوع	
١	البقرة	١٢	وَلَمَّا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ اور جب آیا اُنکے پاس پیغمبر نزدیک اللہ کے سے سچا کرنے والا واسطے اسکے جو پاس اُنکے ہی۔
〃	〃	١٤	اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِیْرًا وَّنَذِیْرًا وَّلَا تُسْئَلُ عَنْ اَصْحٰبِ الْجَحِیْمِ ۝ تحقیق بھیجا ہمنے تجھ کو ساتھہ حق کے خوشخبری دینے والا اور ڈرانے والا اور نہین پوچھا جاویگا تو رہنے والون دوزخ کے سے۔
〃	〃	١٥	وَابْعَثْ فِیْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ یَتْلُوْا عَلَیْهِمْ اٰیٰتِكَ وَیُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَیُزَكِّیْهِمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ۝ اور بھیج بیچ اُنکے پیغمبر انہین مین سے پڑھے اوپر اُنکے آیتین تیری اور سکھلاوے اُونکو کتاب اور حکمت اور پاک کرے انکو تحقیق تو ہے غالب حکمت والا۔
٢	〃	١٧	وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ وَیَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَیْكُمْ شَهِیْدًا اور اسیطرح کیا ہمنے تمکو امت بیچ کی تو کہ ہو تم گواہ اوپر لوگون کے

پارہ	سورۃ	رکوع	
			اور ہو پیغمبر اوپر تمہارے گواہ ۔
۲	البقرۃ	۱۷	اَلَّذِیْنَ اٰتَیْنٰھُمُ الْکِتٰبَ یَعْرِفُوْنَهٗ کَمَا یَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَھُمْ ؕ وَاِنَّ فَرِیْقًا مِّنْھُمْ لَیَکْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَھُمْ یَعْلَمُوْنَ ۝ جو لوگ دی ہمنے انکو کتاب پہچانتے ہین اسکو جیسا پہچانتے ہین بیٹون اپنون کو اور تحقیق ایک فرقہ ان مین سے چھپاتے ہین حق کو اور وہ جانتے ہین ۔
〃	〃	۱۸	کَمَآ اَرْسَلْنَا فِیْکُمْ رَسُوْلًا مِّنْکُمْ یَتْلُوْا عَلَیْکُمْ اٰیٰتِنَا وَیُزَکِّیْکُمْ وَیُعَلِّمُکُمُ الْکِتٰبَ وَالْحِکْمَةَ وَیُعَلِّمُکُمْ مَّا لَمْ تَکُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ ۝ جیسا بھیجا ہمنے بیچ تمہارے پیغمبر تم مین سے پڑھتا ہے اوپر تمہارے آیتین ہماری اور پاک کرتا ہے تمکو اور سکھاتا ہے تمکو کتاب اور حکمت اور سکھاتا ہے تمکو جو کچھ کہ نہین تھے تم جانتے ۔
〃	〃	۳۳	تِلْکَ اٰیٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْھَا عَلَیْکَ بِالْحَقِّ ؕ وَاِنَّکَ لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ ۝ یہ نشانیان ہین اللہ کی پڑھتے ہین ہم انکو اوپر تیرے ساتھ حق کے اور تحقیق تو البتہ بھیجے ہوؤن سے ہے
۳	〃	۳۷	لَیْسَ عَلَیْکَ ھُدٰھُمْ وَلٰکِنَّ اللّٰهَ یَھْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ ؕ نہین اوپر تیرے ہدایت کرنا انکا اور لیکن اللہ ہدایت کرتا ہے جسکو چاہتا ہے ۔
〃	〃	۴۰	اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ ایمان لایا پیغمبر ساتھ اس چیز کے کہ اتاری گئی ہے طرف اسکے پروردگار اسکے سے اور ایمان لائے مسلمان ۔
〃	اٰل عمران	۹	وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِیْثَاقَ النَّبِیّٖنَ لَمَآ اٰتَیْتُکُمْ مِّنْ کِتٰبٍ وَّحِکْمَةٍ ثُمَّ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَکُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ؕ (تا من الشاہدین) اور جسوقت لیا اللہ نے عہد پیغامبرونکا البتہ جو کچھ دون مین تمکو کتاب سے اور حکمت سے پھر آوے تمہارے پاس پیغمبر سچا کرنے والا اس چیز کو کہ ساتھ تمہارے ہے البتہ ایمان لایو ساتھ اسکے اور البتہ مدد دینا اسکو ۔
۴	〃	۱۲	کُنْتُمْ خَیْرَ اُمَّةٍ (یہ دولت بطفیل حضرت رسول کریم صلعم کے ہے) ہو تم بہتر امت ۔
〃	〃	۱۵	وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ اور نہین محمد مگر رسول ۔
〃	〃	۱۷	فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَھُمْ ۚ وَلَوْ کُنْتَ فَظًّا غَلِیْظَ الْقَلْبِ لَانْفَضُّوْا مِنْ حَوْلِکَ فَاعْفُ عَنْھُمْ (تا آخر بیان آنکہ نرم دلی وعفو و استغفار برائی مسلمانان و مشورہ کردن این ہمہ صفت و سنت رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم است) پس ساتھ رحمت کی اللہ سے نرم ہوا تو واسطے انکے اور اگر ہوتا تو سخت خو سخت دل یعنے بے رحم البتہ بھاگ جاتے گرد تیرے سے پس معاف کر انسے ۔

پارہ	سورۃ	رکوع	
۴	آل عمران	۱۷	لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ تحقیق احسان کیا اللہ نے اوپر ایمان والون کے جسوقت بھیجا بیچ اُنکے پیغمبر آپس انکے سے پڑھتا ہے اوپر اُنکے نشانیان اُسکی اور پاک کرتا ہے اُنکو اور سکھاتا ہے اُن کو کتاب اور حکمت اور تحقیق تھے پہلے اس سے البتہ بیچ گمراہی ظاہر کے ۔
″	″	۱۹	فَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ جَآءُوْا بِالْبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ وَالْكِتٰبِ الْمُنِيْرِ (حق سبحانہ وتعالیٰ تسلی خاطر مبارک حضرت صلعم سے فرمایا) بس اگر جھٹلاویں تجھکو بس تحقیق جھٹلائے گئے پیغمبر پہلے تجھ سے آئے تھے ساتھ دلیلون کے اور ساتھ چھوٹی کتابون کے اور کتاب روشن کے ۔
۵	النساء	۱۱	وَاَرْسَلْنٰكَ لِلنَّاسِ رَسُوْلًا وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا اور بھیجا ہمنے تجھکو واسطے لوگون کے پیغام پہنچانے والا اور کافی ہے اللہ گواہی دینے والا ۔
″	″	″	مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ وَمَنْ تَوَلّٰى فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا جوکوئی کہا مانے رسول کا بس تحقیق کہا مانا اللہ کا اور جوکوئی پھر جاوے بس نہین بھیجا ہمنے تجھکو اوپر اُنکے نگہبان ۔
″	″	۱۷	وَاَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ اُتاری اللہ نے اوپر تیرے کتاب اور حکمت اور سکھایا تجھکو جو کچھ کہ نہ تھا تو جانتا ۔
″	″	″	وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا اور ہے فضل اللہ کا اوپر تیرے بڑا ۔
″	″	″	وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا اور جوکوئی برخلاف کرے رسول کے پیچھے اسکے کہ ظاہر ہوئی واسطے اسکے ہدایت اور پیروی کرے سوائے راہ مسلمانون کے متوجہ کرینگے ہم اسکو جدہر متوجہ ہوا ہے اور داخل کرینگے ہم اُسکو دوزخ مین اور بُری ہی جگہہ پھر جانیکی
۶	″	۲۳	اِنَّآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ كَمَآ اَوْحَيْنَآ اِلٰى نُوْحٍ وَّالنَّبِيّٖنَ مِنْ بَعْدِهٖ (تا زبورا) تحقیق ہمنے وحی بھیجی طرف تیری جیسے وحی بھیجی ہمنے طرف نوح کے اور پیغمبرونکے پیچھے اوسکے
″	″	″	يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الرَّسُوْلُ بِالْحَقِّ مِنْ رَّبِّكُمْ فَاٰمِنُوْا خَيْرًا لَّكُمْ وَاِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا اے لوگو تحقیق آیا تمہارے

پارہ	سورۃ	رکوع	
			پاس پیغمبر ساتھ حق کے پروردگار تمہارے سے پس ایمان لاؤ بہتر ہوگا واسطے تمہارے اور اگر کفر کروگے پس تحقیق واسطے اللہ کے ہے جو کچھ بیچ آسمانوں کے اور زمین کے ہے اور ہے اللہ جاننے والا حکمت والا۔
٦	النساء	٢٤	يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءَكُمْ بُرْهَانٌ مِنْ رَبِّكُمْ وَأَنْزَلْنَا إِلَيْكُمْ نُورًا مُبِينًا ۔ اے لوگو تحقیق آئی تمہارے پاس دلیل پروردگار تمہارے سے اور اتاری ہم نے طرف تمہاری روشنی ظاہر۔
〃	المائدہ	١	الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ وَأَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِي وَرَضِيتُ لَكُمُ الْإِسْلَامَ دِينًا ۔ آج کے دن پورا کیا میں نے واسطے تمہارے دین تمہارا اور پوری کی اوپر تمہارے نعمت اپنی اور پسند کیا واسطے تمہارے اسلام کو دین۔
٦	〃	٣	يَا أَهْلَ الْكِتَابِ قَدْ جَاءَكُمْ رَسُولُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ كَثِيرًا مِمَّا كُنْتُمْ تُخْفُونَ مِنَ الْكِتَابِ وَيَعْفُو عَنْ كَثِيرٍ قَدْ جَاءَكُمْ مِنَ اللَّهِ نُورٌ (تا مستقیم) اے اہل کتاب تحقیق آیا ہے پاس تمہارے پیغمبر بیان کرتا ہے واسطے تمہارے بہت چیزیں سے کہ تھے تم چھپاتے کتاب میں سے اور درگذر کرتا ہے بہت سی تحقیق آئی تمہارے پاس اللہ کی طرف سے روشنی
〃	〃	١٠	وَاللَّهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ اور اللہ بچاوے گا تجھکو لوگوں سے۔
٧	الانعام	٤	فَإِنَّهُمْ لَا يُكَذِّبُونَكَ وَلَٰكِنَّ الظَّالِمِينَ بِآيَاتِ اللَّهِ يَجْحَدُونَ ۔ وَلَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِنْ قَبْلِكَ فَصَبَرُوا (تا آخر برائے تسلی خاطر حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم) پس تحقیق وہ نہیں جھٹلاتے تجھکو ولیکن ظالم نشانیوں اللہ کی سے انکار کرتے ہیں اور البتہ تحقیق جھٹلائے گئے پیغمبر پہلے تجھ سے پس صبر کیا انہوں نے
〃	〃	٥	قُلْ لَا أَقُولُ لَكُمْ عِنْدِي خَزَائِنُ اللَّهِ وَلَا أَعْلَمُ الْغَيْبَ (تا آخر کمال صدق گوئی و بے ریائی حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم) کہہ نہیں کہتا میں تمکو نزدیک میرے خزانے خدا کے ہیں اور نہ میں جانتا ہوں غیب کو۔
〃	〃	١٠	أُولَٰئِكَ الَّذِينَ هَدَى اللَّهُ فَبِهُدَاهُمُ اقْتَدِهْ (جامع صفات دیگر انبیاء علیہم السلام بودن حضرت رسول کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم) یہ لوگ ہیں جنکو ہدایت کی اللہ نے پس ساتھ ہدایت انکی کے پیروی کر۔
٩	الاعراف	١٩	الَّذِينَ يَتَّبِعُونَ الرَّسُولَ النَّبِيَّ الْأُمِّيَّ الَّذِي يَجِدُونَهُ مَكْتُوبًا عِنْدَهُمْ فِي التَّوْرَاةِ وَالْإِنْجِيلِ يَأْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَاهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبَاتِ

	رکوع	سورة	پارہ
